معز امجد
ترجمہ وتدوین: شاہد رضا

# حکمران، ائمۂ مساجد اور صحابۂ کرام

رُوِیَ أَنَّہُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: یَا مَعَاذُ، أَطِعْ کُلَّ أَمِیْرٍ وَصَلِّ خَلْفَ کُلِّ إِمَامٍ وَلَا تَسُبَّنَّ أَحَدًا مِّنْ أَصْحَابِیْ.

www.javedahmadghamidi.com www.al-mawrid.org

روایت کیا گیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے معاذ، ہر حکمران کی اطاعت کرو، ہر امام کے پیچھے نماز ادا کرو اور میرے صحابہ میں سے کسی کی بھی توہین نہ کرو۔

## وضاحت

یہ روایت سنن البیہقی الکبریٰ، رقم ۱۶۵۴۶ میں روایت کی گئی ہے۔ اس روایت کے آخر میں امام بیہقی نے بذات خود اس کی استنادی حیثیت کے بارے میں اپنی راے کا اظہار کیا ہے۔ وہ لکھتے ہیں:

وھذا منقطع بین مکحول و معاذ. ’’اس کی سند مکحول اور معاذ کے درمیان منقطع ہے۔‘‘

## خلاصۂ بحث

چونکہ یہ روایت ایسی سند کے ذریعے سے روایت کی گئی ہے جو منقطع ہے، اس لیے ہم یہ نہیں کہہ سکتے کہ یہ واقعتاً نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث ہے۔